# نیوز ریلیز

# البرٹا اپنے مستقبل کی ذمہ داری اٹھا رہا ہے۔

30 اکتوبر، 2023ء میڈیا انکوائریز

## البرٹنز کی جیبوں میں زیادہ پیسہ رکھنے، مریضوں کی شفایابی کو بہتر بنانے اور مزید طلباء کی مدد کرنے کے اقدامات البرٹا کی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، جیسے کہ تختِ شاہی کی طرف سے تقریر میں بیان کیا گیا۔

مورخہ 30 اکتوبر کو اسمبلی میں 31 ویں مجلس قانون ساز کی پہلی نشست کی ابتدا کیلئے پڑھی جانے والی تقریر ایک فرد کی 60,000 ڈالر آمدنی پر ٹیکس میں کٹوتی، ووٹر کے معاہدے کے بغیر ٹیکس میں اضافے کے خلاف ایک قانون، انشورنس، بجلی اور ایندھن کی قیمتوں کو محدود کرنے کے اقدامات، صحت کی نگہداشت اور تعلیم دینے والے عملے میں اضافہ، اور زیادہ قابل استطاعت ہاؤسنگ کے آپشنز کی وضاحت کرتی ہے۔

"مَیں مجلس قانون ساز کے اس آنے والے اجلاس اور اگلے چار سالوں کیلئے پُر جوش ہوں۔ البرٹنز نے ہمیں ان مسائل پر قابو پانے کا مینڈیٹ دیا ہے جو ان کیلئے نہایت اہم ہیں۔ ہم اپنے وعدوں کو پورا کرنے کیلئے پُرعزم ہیں اور یہ کام سنجیدگی سے، آج شروع ہو رہا ہے۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

"ہمارا صوبہ خود کو ہماری تاریخ میں ایک نازک صورتِ حال میں پاتا ہے، اور آنے والے مہینوں اور سالوں میں اختیار کی گئی آپشنز کے نسلی اثرات مرتب ہوں گے۔"

*لیفٹیننٹ گورنر سلمیٰ لاکھانی (Salma Lakhani)*

تختِ شاہی کی تقریر میں جون میں منتخب ہونے والی حکومت کے ایجنڈے کا خاکہ پیش کیا گیا، جس میں یہ تصدیق شامل ہے کہ بِل 1 (Bill 1) ٹیکس میں اضافے کو روکنے والا ایک ایسا قانون ہوگا جو پہلے ریفرنڈم کے بغیر ہوگا۔ جھلکیاں مندرجہ ذیل ہیں:

## صوبائی حقوق

صوبے اور قوم کے معاشی فائدے کیلئے البرٹا اپنے تیل اور گیس کے وسائل کو ترقی دینے کے صوبے کے حق پر وفاقی مداخلتوں سے لڑائی جاری رکھے گا۔ اگر ضروری ہوا، تو صوبہ *یونائیٹڈ کینیڈا ایکٹ کے اندر* خود مختاری کے تحت قانونی درخواستوں (Motions) کا استعمال کرے گا تاکہ البرٹا کو نقصان پہنچانے والے غیر آئینی اقدامات کو روکا جائے۔

## نشوونما کا دباؤ

اس بات کی پیشین گوئی کرتے ہوئے کہ البرٹا کی آبادی 2026ء تک پانچ ملین سے زائد لوگوں پر مشتمل ہوگی، حکومت نے ایک بڑی آبادی کی ضروری مدد کیلئے سڑکیں، اسکول اور دیگر سہولیات تعمیر کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

## استطاعت

البرٹا کی حکومت البرٹنز پر ٹیکس کے بوجھ کو کم کرکے اور ہاؤسنگ، ایندھن، بجلی اور انشورنس سے متعلقہ البرٹنز کے اخراجات کو کم کرنے کی کوششوں پر توجہ مرکوز کرکے صوبے میں قابل استطاعت بننے کے چیلنجوں سے عہدہ برا ہونے کیلئے اپنے کام کو جاری رکھے گی۔

## عوام کی حفاظت

البرٹا کی حکومت البرٹنز کو سڑکوں پر اور کمیونٹیوں میں محفوظ رکھنے میں مدد دینے کیلئے اپنا کام جاری رکھے گی۔ اس میں مزید پولیس افسران بھرتی کرنے میں مدد دینا اور انصاف کے نظام میں اصلاحات متعارف کروانا شامل ہیں۔ مزید برآں، البرٹا کی حکومت ان لوگوں کی مدد کیلئے اپنا کام جاری رکھے گی جو منشیات کی بیماری سے چھٹکارے کیلئے جدّوجہد کر رہے ہیں اور ذہنی صحت کے مسائل سے دوچار لوگوں کی مدد کرے گی جن کا علاج نہیں کیا گیا، بشمول صحت یابی کی بحالی کی کمیونٹیز کا قیام عمل میں لانا اور ان لوگوں کیلئے ایک ہمدردانہ مداخلت کا پروگرام متعارف کروانا ہے جو زندگی بچانے کے فیصلے کرنے سے قاصر ہیں اور جو خود کو یا دوسروں کو خطرے میں ڈالنے کا سبب ہیں۔

## صحت کی نگہداشت

البرٹا کی حکومت صحت کی نگہداشت کے نظام میں فیصلہ سازی کو غیر مرکزی بنانے کیلئے ایک منصوبہ متعارف کروائے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جہاں اور جب بھی ضرورت ہو البرٹنز کو خدمات دستیاب ہیں اور مریضوں کی شفایابی کے نتائج کو بہتر بنایا جا سکے۔

## تعلیم

البرٹا کے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانا آبادی کی مزید افزائش کیلئے صوبے کو تیاری کرنے میں مدد دے گا اور اس ہدف کو کلاس رومز، عملے اور تعلیمی چوائسز کی تعداد میں اضافہ کرکے حاصل کیا جائے گا۔ نیز، ذہنی صحت میں مزید مدد اور پیشہ ورتعلیم کو مضبوط بنانا طلباء کو کامیاب ہونے اور مستقبل کیلئے بہتر طور پر تیار ہونے میں مدد دے گا۔

## معاشی تنوع

صوبے کی معیشت کو بڑھاتے رہنا البرٹا کی حکومت کیلئے ایک ترجیح رہے گی۔ صوبے کی توانائی اور زراعت کے شعبوں کو مزید بڑھانے کے ساتھ ساتھ، حکومت سرمایہ کاری کی رغبت دلانے اور نئی اور ابھرتی ہوئی صنعتوں، بمع ہائیڈروجن، نایاب زمینی معدنیات، ٹیکنالوجی،

جنگلات، سیرو سیاحت اور ثقافت میں مدد دینے کیلئے اپنی کوششوں کو جاری رکھے گی۔ مقامی کمیونٹیوں کے ساتھ شراکت داری جاری رکھ کر اور نئے البرٹنز کے کام کرنے میں حائل رکاوٹوں کو دُور کرکے، البرٹا کی حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہر ایک فرد صوبے کی کامیابی میں حصہ لے سکے۔

## متعلقہ معلومات

- تختِ شاہی کی تقریر (Thorne speech) کی جھلکیاں
- تختِ شاہی کی تقریر (Thorne Speech) 2023ء

## ملٹی میڈیا

- تختِ شاہی (thorne speech) کی تقریر دیکھیں

## میڈیا انکوائریز


**سَیم بلیکیٹ (Sam Blackett)**

780-427-2251

پریس سیکریٹری